No. of Printed Pages : 6 **MUD-002**

# M.A. (Urdu) (MAUD)

## Term-End Examination

## December, 2024

## MUD-002 : Urdu Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔سبھی سوالوں کے جواب دیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ ولی دکنی کی شاعری کے فنی امتیازات سے مدلل بحث کیجیے۔





یا

خواجہ میر درد کے حالات زندگی کو قلم بند کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۲۔ خواجہ حیدر علی آتش کی غزل گوئی سے بحث کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

دکن میں اردو شاعری کی ابتداء کے حوالے ایک جامع مضمون سپرد قلم کیجیے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۳۔ مومن خاں مومنؔ کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی شاعرانہ عظمت کو واضح کیجئے۔

یا

''جدیدغزل'' پر تنقیدی اظہار کیجئے۔

۴۔ علامہ اقبال کی غزل گوئی پر تنقیدی اظہار خیال کیجئے۔

یا

شادعظیم آبادیؔ کی غزل گوئی سے مدلل بحث کیجئے۔





۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی مع سیاق و سباق تشریح کیجئے۔

دونوں جہاں تیری محبت میں ہار کے
وہ جا رہا ہے کوئی شبِ غم گزار کے
ویراں ہے میکدہ، خم و ساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ روٹھ گئے بہار کے
اک فرصتِ نگاہ ملی وہ بھی چار دن
دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پروردگار کے
دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کردیا
تم سے بھی دل فریب ہیں غم روزگار کے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

بھولے سے مسکرا تو دیے تھے وہ آج فیضؔ
مت پوچھ ولولے دلِ ناکردہ کار کے

یا

مجھ کو فرقت کی اسیری سے رہائی ہوتی
کاش عیسیٰ کے عوض موت ہی آئی ہوتی
عاشقی میں جو مزہ ہے تو یہی فرقت ہے
لطف کیا تھا جو اگر اس سے جدائی ہوتی
گر نہ ہو شمع تو معدوم ہیں پروانے بھی
تو نہ ہوتا تو صنم کب یہ خدائی ہوتی





خط کے آغاز میں تو مجھ سے ہوا صاف تو کب
لطف تب تھا کہ صفائی میں صفائی ہوتی
دھوئی کیوں اشک کے طوفان سے لوح محفوظ
سرنوشت اپنی ہی ناسخؔ نے مٹائی ہوتی

×××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com